TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

Tear here

Question Paper Serial No. **813**

# D

**CCE PR**
**UNREVISED**
**REDUCED SYLLABUS**
**NSR & NSPR**

4

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]
ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 48 ]
Total No. of Questions : 48 ]
**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 85-U**
**Code No. : 85-U**

## ವಿಷಯ : ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ

# Subject : SOCIAL SCIENCE

**( ಉರ್ದು ಮಾಧ್ಯಮ / Urdu Medium )**

**(ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. & ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)**

**(Private Repeater / NSR & NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 15. 06. 2023] [ Date : 15. 06. 2023

ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ 1-45 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-30 A.M. to 1-45 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

**عام ہدایات :**

1. سوالنامہ معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 48 سوالات ہیں۔
2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. سوالات کے لئے بائیں ہاتھ کی جانب حاشئے میں مکمل مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

**I.** مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ صحیح متبادل چُنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی پرچہ میں لکھیں۔ **8 × 1 = 8**

1. دوسری اینگلو- مرہٹہ جنگ کا خاتمہ کس معاہدے پر ہوا ؟

(A) سلبائی معاہدہ

(B) لاہور معاہدہ

(C) بیسن معاہدہ

(D) مدراس معاہدہ

2. انگریزوں نے ڈونڈیا واگھ کو قتل کیا۔

(A) شکاری پور (B) رائچور

(C) شیرہٹی (D) کونگل

3. اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں مستقل نشست کے لئے ہندوستان کے دعوے کی حمایت کرنے والا ملک

(A) امریکہ (B) برطانیہ

(C) روس (D) فرانس

4. نرمدا بچاؤ تحریک کی قیادت کرنے والے

(A) شیورام کارنت

(B) سندر لال بہوگنا

(C) میدھا پاٹکر

(D) کُسم سورابا

5. دریائے ستلج میں ہمہ مقصدی دریائی منصوبہ کے تحت بنایا گیا

(A) بھاکرا۔ ننگل منصوبہ

(B) ہیرا کڈ منصوبہ

(C) پمپا ساگر

(D) ناگرارجن ساگر منصوبہ

6. ہندوستان کا سلیکون (Silicon) شہر ہے۔

(A) ممبئی
(B) چنئی
(C) دہلی
(D) بنگلور

7. بینک کی طرف سے حاصل ہونے والی خدمت جس میں زیورات اور قیمتی اشیاء کی حفاظت ہوتی ہے۔

(A) بچت کھاتے کی خدمات

(B) حفاظتی ڈپازٹ لاکر (Locker) خدمات

(C) مقررہ میعاری ڈپازٹ خدمات

(D) چالو یا چالتی کھاتہ خدمات

8. ''ہندوستان کی حقیقی ترقی ہی دیہاتوں کی ترقی ہے۔'' اِس کو کہنے والے

(A) سر ایم- ویشویشوریہ (B) مہاتما گاندھی

(C) ڈاکٹر بی- آر- امبیڈکر (D) جواہرلال نہرو

**II.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیں : **8 × 1 = 8**

9. انڈین نیشنل کانگریس کے ہری پورا جلاس کی صدارت کس نے کی تھی ؟

10. خفیہ تنظیم ''ابھینو بھارتی'' کس نے شروع کیا ؟

11. ''انسانی حقوق کا دن'' کب منایا جاتا ہے ؟

12. مہاتما گاندھی کے مطابق ''چھوت چھات'' کیا ہے ؟

13. ہندوستان میں سب سے کم بارش والا علاقہ کون سا ہے ؟

14. مزدوروں کی تقسیم کے متعلق افلاطون (Plato) نے کیا کہا تھا ؟

15. دیہی علاقوں میں عورتوں کے لئے خود امداد تنظیم (Women Self Help Group) بنایا گیا۔ کیوں ؟

16. کون سا شعبہ قومی بچت سند ( National Saving Certificates ) جاری کرتا ہے ؟

**III.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا چار جملوں میں لکھئے : **18 × 2 = 36**

17. پنچ شیل کے اُصول کون کونسے ہیں ؟

یا

معاشی طور پر پسماندہ ممالک پر نوآبادیاتی حکومت کے اہم نکات کیا تھے ؟

18. مختلف ممالک میں سماجی پرتوں کا نظام ( Social stratification ) الگ کیسے ہے ؟

یا

موناوادی تحریک کا آغاز کیوں ہوا تھا ؟

19. تیسری اینگلو مرہٹہ جنگ کے نتائج کیا تھے ؟

20. پرتگالیوں سے گوا(Goa) کیسے آزاد ہوا ؟

21. چائے کی پیداوار میں ضروری عوامل کیا ہیں ؟

22. مواصلات ( Communication ) کی کیا اہمیتیں ہیں ؟

23. امریکیوں کو جان ایف کینیڈی کی طرف سے دیئے گئے صارفین کے حقوق کے نام بتائیں۔

24. انسانی ترقی کے اشارے کون سے ہیں ؟

25. وارن ہیسٹنگز کی متعارف عدالتوں کے نام لکھیں۔

26. آزادی کے بعد ہندوستان نے کس طرح کے مسائل کا سامنا کیا تھا ؟

27. تحریکِ آزادی کے قابل ذکر انقلابیوں کے نام لکھیں۔

28. دوسری عالمی جنگ کے بعد دنیا کو کون کون سے مسائل درپیش آئے تھے۔

29. فرقہ واریت کے ذریعہ کس طرح کے مسائل پیدا ہوتے ہیں ؟

30. ہندوستان میں ماحول کی تحفظ کے لئے ماحولیاتی تحریک کے نام لکھیں۔

31. ہندوستان کے چار آب وہوا کے موسموں کا ذکر کریں۔

32. کرناٹک میں مقامی شہروں کے سافٹ وئیر سنٹر کے نام لکھیں۔

33. کسی دو رہائشی منصوبوں کے متعلق بیان کریں۔

34. صارفین عدالت کے تین مراحل کے متعلق بیان کریں۔

**IV.** مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات چھ جملوں میں لکھئے : **9 × 3 = 27**

35. ہندوستان کی جنگ آزادی میں بال گنگادھر تلک کے کردار کی وضاحت کریں۔

یا

انگریزوں کے خلاف سنگولی رایناّ کے بغاوت کی وضاحت کریں۔

36. ہندوستانیوں کے لئے ہمالیہ مفید کیسے ہے ؟

یا

موجودہ دنوں میں ہم مٹی کے کٹاؤ کی حفاظت کیسے کر سکتے ہیں ؟

37. دیہی ترقی میں پنچایت راج اداروں کے کردار کو لکھیں۔

یا

دیہی ترقی کے لئے درکار ضروری اقدامات کو بیان کیجئے۔

38. بینک کھاتہ کھولنے کے مراحل کون کون سے ہیں ؟

یا

صارفین تحفظ قانون کے مقاصد کیا ہیں ؟

39. پرارتھنا سماج کی طرف سے پیش کردہ اصلاحات کی وضاحت کریں۔

40. ہندوستان کی پہلی جنگ آزادی کے ناکامی کے اسباب کا تذکرہ کریں۔

41. ہندوستان اور امریکہ کے درمیان تعلقات کو بیان کریں۔

42. ہندوستان کی کثیر آبادی میں بے روزگاری کے مسائل کس طرح حل کر سکتے ہیں ؟

43. طوفان سے بچنے کے حفاظتی اقدامات کون کونسے ہیں ؟

**V.** **مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات آٹھ جملوں میں لکھئے :** **4 × 4 = 16**

44. انگریزی تعلیمی نظام سے ہندوستانیوں پر کیا اثرات ہوئے ؟ جائزہ لیں۔

یا

عدم تعاون تحریک کے دوران ہونے والے اہم ترقیات کون کونسے ہیں ؟

45. ''ڈاکٹر بی- آر ابیڈکر ایک بڑے سماجی مصلح تھے۔'' وضاحت کریں۔

46. رشوت خوری بدعنوانی کے اثرات کیا ہیں ؟

47. ہندوستان میں جنگلات کی تحفظ کے لئے کونسے اقدام اٹھائے گئے ہیں ؟

**VI.** 48. ہندوستان کے نقشہ کا خاکہ بنائیں اور اس میں مندرجہ ذیل کو نشان زد کریں : **1 + 4 = 5**

(a) دامودر ویلی ( وادی )

(b) بھدراوتی

(c) کانڈلا

(d) بنگلور

نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال: ( سوال نمبر **48** کی جگہ )

ہمہ مقصدی دریائی وادی منصوبے کے اہم مقاصد کو بیان کیجئے۔ **5**